سوال

(796) عورت کا رکوع اور سجود سمٹ کر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں رکوع اور سجدے میں بازو پہلوؤں سے ملا کر رکھتی ہوں، سمٹ کر سجدہ کرتی ہوں اور کولہے زیادہ اوپر نہیں اٹھاتی، باقی ساری نماز مردوں ہی کی طرح پڑھتی ہوں، کیا یہ طریقہ ٹھیک ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

رکوع اور سجود سمٹ کر نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ مردوں کی طرح بازوؤں کو کھول کر رکھنا چاہیے۔ عورت اور مرد کی نماز میں کوئی فرق نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :681

محدث فتویٰ